فیئر فیکس کاؤنٹی میں دی جانے والی خاندانی زندگی کی تعلیم
علیحدگی کی درخواست کا فارم
گریڈ چار: جذباتی اور معاشرتی صحت

اگر آپ اپنے بچے کو گریڈ چار کے خاندانی زندگی کی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ مہربانی اس فارم کو بھرئیے، اور **اسے اپنے بچے کے کلاس روم ٹیچر کو FLE کی ہدایات شروع ہونے سے پہلے واپس بھیج دیجیئے۔** سبق کے مقاصد اورذرائع ابلاغ کی وضاحت سے متعلق، اضافی معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں https://www.fcps.edu/academics/elementary-family-life-education-fle. اسباق Schoology میں دستیاب ہیں۔

براہِ مہربانی یاد رکھیئے: سوائے ایسی صورت میں کہ آپ نے اپنے بچے کو خاندانی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، آپ کو یہ فارم واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے

بچے کا نام ______________________________ **کلاس روم ٹیچر** ______________________

ہدایات: براہِ مہربانی اُن اسباق پر نشان لگائیں جن میں آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ شرکت کرے۔

_____ **سبق 1: جذباتی، ذہنی، اور سماجی ضروریات**

طلباء بنیادی جذباتی، ذہنی، اور سماجی ضروریات کو پہچانیں گے اور ان ضروریات کو پانے کیلیئے حکمت عملیاں تیار کریں گے۔

- پیار، تحفظ، تعلق اوراعتماد کے لیئے، جذباتی ضروریات؛ سوچنے اور سمجھنے کے لیئے، ذہنی ضروریات؛ اور گروہ کا حصہ بننے، دوسروں کے ساتھا چلنے اور رازداری رکھنے کے لیئے، سماجی ضروریات
- افراد کے درمیان مختلف ضروریات اور ان ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے

_____ **سبق 2: ذمہ داریاں**

طلباء اپنے لیئے، ایک فرد کے طور پر بڑی ذمہ داری فرض کرنے کی ضرورت کے ساتھ ساتھ خاندان، ساتھیوں کے گروہ اور بڑی کمیونٹی کے اندر بھی اپنی ذمہ داریوں کی نشاندہی کریں گے۔

- تدریس میں طلباء کے کردار اپنے خاندانوں، گروہوں چاہے وہ اسکول کے اندر یا اسکول کے باہر اور بڑی کمیونٹی میں ہوں، شامل ہوں گے۔

_____ **سبق 3: دھمکی آمیز، بے چین اور تشدد ذدہ صورتحال سے آگاہی**

طلباء دھمکی آمیز یا غیر آرام دہ حالات اور ان پر کیسے ردعمل کیا جاے کے طریقوں کو پہچانیں گے۔

- اکیلے پیدل چلنا، اجنبیوں کے لئے، دروازہ کھولنا، بیہودہ ٹیلی فون کالز یا ای میل موصول کرنا، عوامی مقامات پردرپیش خطرات اور جنسی استحصال یا زنائے محرم۔
- اپنے آپ کو بچانے کے طریقوں، اور اس قسم کی دھمکیوں کو پہچاننے اور رپورٹ کرنے پر زور دیا جا رہا ہے۔

_____ **سبق 4: دوستی**

طلباء دوستی کی اقدار اور چیلینجز کو پہچانیں گے۔

- سماجی اور جذباتی ضروریات کا جائزہ ؛ دوستی کیسے ایک گروپ سے تعلق رکھنے کی ضرورت کو پورا کرسکتی ہے، اپنی پرواہ محسوس کرنا، حوصلہ افزائی مہیا کرنا، اور اپنے بارے میں مثبت محسوس کرنے میں مدد
- دوستوں کے لیے اختلاف رائے کا ہونا ٹھیک ہے

_____ **سبق 5: احترام کرنا**

طلباء انفرادی اختلافات کی آگاہی اور دوسروں کا احترام کرنے کی اہمیت کو ترقی دیں گے۔

- معذوری کے حامل افراد، نسلی اختلاف، ثقافتی پس منظر
- دوسروں کیلیئے احترام ظاہر کرنے کے طریقے

______________________________ تاریخ______________________
والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط

فیئر فیکس کاؤنٹی میں دی جانے والی خاندانی زندگی کی تعلیم
علیحدگی کی درخواست کا فارم
گریڈ چار: انسانی جسم کی نشو ونما اور افزائش
تمام اسباق کی تدریس لڑکے لڑکیوں کو علیحدہ علیحدہ دی جاتی ہے۔

اگر آپ اپنے بچے کو گریڈ چار کے خاندانی زندگی کی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ مہربانی اس فارم کو بھرئیے، اور **اسے اپنے بچے کی کلاس روم ٹیچر کوFLE کی ہدایات شروع ہونے سے پہلے واپس بھیج دیجئے۔** سبق کے مقاصد اورذرائع ابلاغ کی وضاحت سے متعلق، اضافی معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیںhttps://www.fcps.edu/academics/elementary-family-life-education-fle. اسباق Schoology میں دستیاب ہیں۔

براہِ مہربانی یاد رکھیئے: سوائے ایسی صورت میں کہ آپ نے اپنے بچےکوگریڈ چار کے انسانی جسم کی نشو ونما اور افزائش کےکچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، آپ کو یہ فارم واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے

بچے کا نام ________________________________ **کلاس روم ٹیچر** ________________________

ہدایات: براہِ مہربانی اُن اسباق پر نشان لگائیں جن میں آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ شرکت کرے۔

____ **سبق 1: بلوغت**

طلباء بلوغت کے دوران ہونے والی تبدیلیوں کو پہچانیں گے اور ان تبدیلیوں کا ذاتی حفظان صحت کی بڑھتی ہوئی ضروریات سے تعلق پیدا کریں گے۔
تفصیلی بیان: تدریس میں درج ذیل جسمانی تبدیلیاں شامل ہیں: افزائش میں اضافہ، پسینے میں اضافہ، جلد کی تبدیلیاں، موڈ میں تبدیلیاں، زیرناف اور بغل کے بالوں میں اضافہ، لڑکوں میں کندھوں کی چوڑائی اور لڑکیوں میں چھاتی اور کولہوں کی نشوونما۔ مزید برآں، ان جسمانی تبدیلیوں کے سلسلے میں ذاتی حفظان صحت کی اہمیت پر بحث کی جاتی ہے۔ لڑکیوں کی ہدایات میں خواتین کے نظام تولید کی بنیادی علم تشریح، حیض اور صفائی کی مصنوعات کا استعمال اور مناسب انداز سے ضائع کرنا شامل ہے۔ تدریس میں لڑکوں کے لیئے، مردانہ تولیدی نظام کی بنیادی علم تشریح، استادگی اور رات کا اخراج شامل ہے اس حقیقت پر زور دیا جاتا ہے کہ لگاتار جنسی تبدیلیاں اور نشونما کے نمونے ہر فرد میں مختلف ہوتے ہیں اور یہ ایک قدرتی عمل ہے۔ مرکزی توجہ بلوغت کے دوران خود کی طرف مثبت رویہ کی نشوونما اور انفردی اختلافات کی قدر ہے۔

________________________ تاریخ ________________________
والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط